

# ایرانِ نوین

www.alhodapub.com
شماره 23-2026

جَعَلَ اللّٰهُ الْکَعْبَةَ الْبَیْتَ الْحَرَامَ
قِیَامًا لِلنَّاسِ

# حجِ ابراہیمی
# اور براءت از مشرکین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ایران نوین





شماره 23 - 2026



اداریہ/مزاحمت کی روحانیت سے اسلامی تہذیب کے افق تک | ۴
ڈاکٹر محمود واعظي

رہبر انقلاب اسلامی آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای کا پیغام حج | ۶

حج میں امتِ عظیم مسلمہ کے فرائض رہبرِ شہید و مجاہدِ انقلابِ اسلامی
حضرت آیت اللہ العظمیٰ خامنہ ای (رضوان اللہ تعالیٰ علیہ) کی نظر میں| ۱۱

حج میں مشرکین سے بیزار؛ قرآنی اسلوب، نبوی رحمت، اور اسلامی وحدت کی روشنی میں| ۱۵
امیرالحاج حجۃ الاسلام والمسلمین سید عبدالفتاح نواب

نغماتی ویڈیوز | ۱۸
حضرت ابراہیمؑ بت شکن-امتِ مسلمہ کا اتحاد-شیاطین کو کنکریاں مارنا

امت اسلامی کی وحدت آفرین حرکت رہبر شہید کے کلام میں موسم حج میں | ۲۱
عطیہ کشتکاران

مشرکین سے برائت (بیزاری) اور عصر حاضر کے علاقائی تنازعے کے زیرِ سایہ سیاسی شعور کی بازسازی | ۲۳
نورا فرحات - الجزائری محقق

قرآن کریم کی سورہ توبہ (آیت ۱) کا آسان اردو ترجمہ | ۲۹
ڈاکٹر انعام عیسیٰ

وحدت و اتحاد امت اسلامی، شہید رہبرِ امت کا پائیدار پیغام | ۳۰
ڈاکٹر ہارون عزیز (جنوبی افریقہ)

حقائق کو موثر انداز میں‌بیان کرنے کا جہاد - حج بطور اطاعتِ تحول آفرین برائے بیداری امت | ۳۲
ڈاکٹر محمد عظمی عبدالحمید

مشرکین سے بیزاری، قول سے فعل تک: حج، غدیر اور مقاومت کے توشے میں | ۳۸
ڈاکٹر محمد حسن شجاعی فرد



ذمہ دار مدیر:
مہدی فیاضی

مدیرِ اعلیٰ:
ڈاکٹر محمود واعظی

ایگزیکٹو مدیر: مریم حمزہ لو
فنی مدیر: محمدجواد اکبری



فون:
۰۰۹۸۲۱۸۸۹۳۴۳۰۲
۰۰۹۸۲۱۸۸۹۳۴۳۰۳
فیکس:
۰۰۹۸۲۱۸۸۹۰۲۷۲۵

web site: www.alhodapub.com
Email: alhodapub@gmail.com



حوزہ نمایندگی ولی فقیہ در امور حج و زیارت



اس سال مشرکوں سے اظہار برائت کی اہمیت دگنی ہو جاتی ہے اور امریکا اور اسرائیل سے برائت کا میدان، حج کے موسم میں مشرکین سے برائت کے عمل سے آگے بڑھ جاتا ہے اور ایران اور دنیا کے مختلف علاقوں تک اور ان مبارک ایام کے بعد بھی امریکا مردہ باد اور اسرائیل مردہ باد، امت مسلمہ اور دنیا بھر کے مظلوموں، خاص طور پر جوانوں کا رائج نعرہ بن جائے گا۔

موسمِ حج 2026 کے موقع پر رہبرِ معظمِ انقلابِ اسلامی حضرت آیت الله سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای کے پیغام سے اقتباس



# اداریہ

## مزاحمت کی روحانیت سے اسلامی تہذیب کے افق تک

ڈاکٹر محمود واعظي

اسلامی جمہوریہ ایران کے رہبر معظم کا امسال کا پیغامِ حج محض حجاجِ کرام سے خطاب نہیں، بلکہ اسلامی دنیا کے لیے مشترکہ شناخت اور متحدہ مستقبل کے ایک نئے افق کی تشکیل کی کوشش ہے۔ اس تناظر میں آج کا مسلمان صرف بیت اللہ کا زائر نہیں، بلکہ تاریخ اور تہذیب کی تشکیل میں فعال، باثر اور ذمہ دار کردار کا حامل فرد ہے۔

اس سال کے پیغام کی سب سے نمایاں خصوصیت حج کو ایک انفرادی عبادت سے نکال کر ایک سماجی اور تہذیبی منصوبے کے طور پر پیش کرنا ہے۔ اس تعبیر میں احرام محض ایک لباس نہیں بلکہ فرد اور معاشرے کی وابستگی، خوف اور استکباری نظامِ عالم سے آزادی کی علامت بن جاتا ہے۔

پیغام میں حج کی مختلف علامات کو نئی معنویت عطا کی گئی ہے۔ طواف صرف کعبہ کے گرد گردش نہیں بلکہ محورِ حق کے گرد مسلسل حرکت کی علامت ہے۔ سعی، اجتماعی ذمہ داری کے میدان میں مسلسل جدوجہد کا استعارہ بن جاتی ہے، جبکہ رمیِ جمرات ایک رسمی عبادت سے بلند ہو کر تاریخ کے شیطانوں کے خلاف دائمی مزاحمت کی علامت کے طور پر سامنے آتی ہے۔ اس بیانیے میں امریکہ اور صہیونی حکومت کو انہی استکباری قوتوں کی نمایاں مثال قرار دیا گیا ہے۔

شہید صدرِ انقلاب اسلامی کے سانحۂ شہادت کے بعد رہبر معظم کا یہ پہلا پیغامِ حج دینی اور تاریخی علامات سے بھرپور ہے۔ ہجرت، بعثت، میقات، احرام، طواف، رمی، قربانی، حبلِ متین، وعدۂ صادق، نورِ ولایت، نئی اسلامی تہذیب اور ظہورِ امام مہدیؑ جیسے تصورات اس پیغام میں ایک ایسے تہذیبی اور مستقبل نگر افق کی تشکیل کرتے ہیں جو امید، بیداری اور تاریخی تبدیلی کے احساس سے معمور ہے۔

اس فکری فضا میں مخاطب اپنے آپ کو ایک عظیم تاریخی تبدیلی کے مرکز میں محسوس کرتا ہے۔ یہاں علاقائی جنگیں محض جغرافیائی یا سیاسی تنازعات نہیں بلکہ وعدۂ الٰہی کی تکمیل کے مظاہر کے طور پر پیش کی جاتی ہیں۔ سماجیاتِ دین کے نقطۂ نظر سے یہ تعبیرِ نو دراصل ایمان کو اجتماعی قوت میں تبدیل کرنے اور امتِ مسلمہ کے لیے مزاحمت پر مبنی مشترکہ حافظۂ تاریخی تشکیل دینے کی کوشش ہے۔ اس تصور میں دین صرف فرد کا باطنی تجربہ نہیں بلکہ اجتماعی نظم، سماجی طاقت اور تہذیبی بیداری پیدا کرنے کا سرچشمہ ہے۔



اسی بنا پر پیغام میں «اللہ اکبر» کی تعبیر محض ایک مذہبی نعرے یا رسمی ذکر تک محدود نہیں رہتی بلکہ اسے ایک مؤثر سماجی اور تہذیبی قوت کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ یہ ایک اہم علامتی اور سیاسی اقدام ہے جو تقدس کو براہِ راست مزاحمت، اقتدار اور اجتماعی جدوجہد کے میدان سے جوڑتا ہے۔

«اللہ اکبر» کی مسلسل تکرار صرف ادبی یا جذباتی اسلوب نہیں بلکہ نفسیاتی بیداری اور اجتماعی شناخت کی تشکیل کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ اسلامی انقلاب ایران کی تاریخی یادداشت میں یہ نعرہ ہمیشہ خوف، جمود اور بے عملی سے نجات کی علامت رہا ہے؛ وہی صدا جو انقلاب کے ایام میں گھروں کی چھتوں سے بلند ہوئی، دفاعِ مقدس کے محاذوں پر گونجی اور آج امتِ مسلمہ کی استقامت اور پائیداری کی علامت کے طور پر سامنے آتی ہے۔ پیغام کی کوشش یہ ہے کہ «اللہ اکبر» کو محض ایک مذہبی شعار سے بلند کرکے ایک تہذیبی توانائی اور محرک قوت کے طور پر متعارف کرایا جائے۔

ادبی اعتبار سے بھی یہ پیغام ایک خطیبانہ، حماسی اور روحانی ساخت کا حامل ہے۔ اس میں موجود تکرار، دعائیہ انداز، قرآنی اشارات اور تاریخی حوالہ جات قاری کو محض فکری سطح پر متاثر نہیں کرتے بلکہ اس کے جذبات اور احساسات کو بھی متحرک کرتے ہیں۔ یہی اسلوب فرد کو ایک خاموش ناظر سے نکال کر ایک بیدار اور متحرک امت کے رکن میں تبدیل کر دیتا ہے۔

تاریخ سازی کا تصور اس پیغام کا ایک اور بنیادی پہلو ہے۔ یہاں اسلامی جمہوریہ ایران کی تاریخ کو سیاسی واقعات کے مجموعے کے طور پر نہیں بلکہ ایک مسلسل مقدس سفر کے طور پر پیش کیا گیا ہے؛ انقلابِ اسلامی سے لے کر دفاعِ مقدس تک، محورِ مقاومت کی تشکیل سے لے کر حالیہ علاقائی معرکوں تک، تمام واقعات کو حق و باطل کی دائمی کشمکش کے تناظر میں سمجھا گیا ہے۔

اس بیانیے میں جنگیں صرف طاقت کے توازن یا علاقائی مفادات کی کشمکش نہیں بلکہ وعدۂ الٰہی کی تکمیل اور انبیائے کرامؑ کی تاریخی جدوجہد کے تسلسل کا حصہ قرار پاتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سیاسی واقعات کو بھی ایک وسیع تر معنوی اور تاریخی افق میں دیکھا جاتا ہے۔ اس فکری نظام کا ایک مرکزی ستون «شہادت» کا تصور ہے۔ سابقہ قائد کی شہادت اور اس کے بعد ایرانی قوم کے ازسرِنو احیاء کا ذکر شیعہ سیاسی ثقافت کی ایک بنیادی خصوصیت کو نمایاں کرتا ہے؛ یعنی فقدان کو حیات بخش اجتماعی قوت میں تبدیل کرنا۔ اس ثقافت میں شہادت اختتام نہیں بلکہ ایک نئی اجتماعی شناخت کا نقطۂ آغاز ہے۔ سوگ اور یاد، معاشرے کے لیے اتحاد، استقامت اور نئی توانائی کا سرچشمہ بن جاتے ہیں اور بحران مزاحمت کی تجدیدِ مشروعیت کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ اسی کے ساتھ یہ پیغام امتِ مسلمہ کے تصور کو بھی ازسرِنو متعینکرتا ہے۔ ایسے دور میں جب قومی، نسلی اور معاشی شناختیں اسلامی دنیا پر غالب آ چکی ہیں، یہ متن ایک بار پھر سرحدوں سے ماورا امتِ مسلمہ کے تصور کو زندہ کرتا ہے۔ اس تناظر میں ایران کو صرف ایک قومی ریاست کے طور پر نہیں بلکہ اسلامی بیداری اور مزاحمت کے جغرافیائی و فکری مرکز کے طور پر پیش کیا گیا ہے؛ ایک ایسا مرکز جس کی شعاعیں لبنان، فلسطین، یمن، عراق، افغانستان اور افریقہ تک پھیلتی ہیں۔ یہ تصور ایک ایسی «روحانیتِ مزاحمت» کو جنم دیتا ہے جو سیاسی سرحدوں سے بلند ہو کر مشترکہ عقیدے، مشترکہ درد اور مشترکہ مقصد پر استوار ہے۔ اس بیانیے میں امت صرف عقیدے کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک زندہ، متحرک اور تاریخی حقیقت ہے جو اپنے مشترکہ مستقبل کی تشکیل کی صلاحیت رکھتی ہے۔

پیغام کا ایک اور نمایاں پہلو اس کا تہذیبی مستقبل نگاری پر مبنی وژن ہے۔

یہ صرف ماضی کی یادوں یا مزاحمت کی داستانوں تک محدود نہیں رہتا بلکہ ایک ایسے مستقبل کی تصویر پیش کرتا ہے جس میں امریکی غلبے کا زوال، صہیونی ریاست کی کمزوری اور نئی اسلامی تہذیب کا ظہور نمایاں نظر آتا ہے۔ بحران اور جنگ کے دور میں ایسی امید افزا تعبیرات غیرمعمولی اہمیت رکھتی ہیں۔ جو معاشرے مسلسل دباؤ اور عدمِ تحفظ کا سامنا کرتے ہیں، انہیں ایسے بیانیوں کی ضرورت ہوتی ہے جو خوف کو امید میں، اضطراب کو اعتماد میں اور مشکلات کو کامیابی کے راستے میں تبدیل کر سکیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس پیغام میں مستقبل کو ناامیدی کے بجائے فتح، بیداری اور تاریخی پیش رفت کے افق سے دیکھا گیا ہے۔ ثقافتی اعتبار سے شاید اس پیغام کا سب سے اہم پہلو عبادت اور مزاحمت کے باہمی امتزاج میں پوشیدہ ہے۔ اس روایت میں حج صرف ایک روحانی تجربہ نہیں بلکہ ایک اجتماعی تربیت گاہ ہے جہاں ایک مزاحم، بیدار اور ذمہ دار انسان کی تشکیل ہوتی ہے۔ حاجی محض ایک عبادت گزار نہیں بلکہ فتح کی روایت کا راوی، مزاحمت کا علمبردار اور ابھرتی ہوئی امت کا فعال رکن بن کر سامنے آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پیغام کے اختتامی دعائیہ مضامین بھی صرف فردی نجات یا شخصی حاجات تک محدود نہیں رہتے بلکہ اجتماعی اور سیاسی جہات اختیار کر لیتے ہیں؛ امت کے اتحاد کے لیے دعا، فلسطین کی آزادی کی آرزو، مستکبر قوتوں کی ناکامی کی تمنا اور ایک عادلانہ اور معنویت پر مبنی عالمی نظام کے قیام کی امید اس دعا کا حصہ بن جاتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ امسال کا پیغامِ حج بعد از جنگ دور میں مزاحمت کے ایک ثقافتی منشور کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ حج کو سیاست کی زبان، مزاحمت کو ایمان کی زبان اور خطے کے مستقبل کو وعدۂ الٰہی کی زبان میں بیان کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

اس تصور میں مسلمان حاجی وہ شخصیت ہے جو عبادت اور عمل کو یکجا کرتی ہے؛ کعبہ کا طواف بھی کرتی ہے اور ظلم کے خلاف کھڑی بھی ہوتی ہے، دعا بھی کرتی ہے اور تاریخ سازی میں اپنا کردار بھی ادا کرتی ہے۔





# رہبر انقلاب اسلامی
# آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای کا پیغام حج

بسم الله الرحمن الرحيم

لبَّیک، اللّھم لبَّیک، لبَّیک لا شریکَ لَکَ لبَّیک، اِنَّ الحَمدَ وَ النِّعمَۃَ لَکَ وَ المُلک…

اے خدا! میں تیری دعوت پر لبیک کہتا ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں اور ساری تعریفیں اور ساری نعمتیں اور مُلک و قدرت تیری طرف سے ہیں اور تجھ ہی سے تعلق رکھتے ہیں … اس سال کا موسم حج بھی آ گیا اور امت مسلمہ کے حجاج گرامی نے بندگی کا احرام پہنا اور لبیک، اللھم لبیک کی صدائیں بلند کیں تاکہ مادی اور معمول کی زندگی سے الہی اور باسعادت زندگی کی طرف ہجرت کریں، اللہ جلّ جلالہ کی بندگی کے محور اور اللہ کے شریکوں کی نفی، انکار اور برائت پر مبنی زندگی کی طرف۔ البتہ اس ہجرت کا موقع صرف اس سال کے حجاج کرام اور خانۂ خدا کے زائرین کو ہی حاصل نہیں ہے بلکہ یہ موقع، ایران اور پوری دنیا کے مسلمانوں کے تمام برادران و خواہران کو، چاہے وہ جو اپنی عمر کے کسی حصے میں حج کر چکے ہیں، چاہے وہ جو ابھی حج کے مناسک ادا کرنے میں کامیاب نہیں ہو پائے ہیں، حاصل ہے۔

اس ہجرت کی شرط، اللہ کے ذکر کے محور پر دائمی احرام باندھنا ہے، حق کے محور کے گرد دائمی طواف کرنا ہے، الہی وظائف کی مشکل چوٹیوں کے درمیان دائمی سعی کرنا ہے، خبیث شیطان کو، اس کے گمراہ کن جلوؤں اور تمام پٹھوؤں کے ساتھ، ہمیشہ کنکریاں مارنا ہے، اللہ کی طرف مکمل توجہ اور خصوع و خشوع کے ساتھ وقوف ہے، راہ میں رہ جانے والے مسکین غریب کو کھانا کھلانا ہے، گمراہ کرنے والی اپنی نفسانی خواہشات اور چاہتوں کو قربان کرنا ہے اور اپنی اندرونی غلاظتوں کو صاف کرنا اور ہر وقت اور ہر صورتحال میں خدمت کے لیے اور حق کے دفاع کے پرچم کو لہرانے کے لیے تیار رہنا ہے۔ یوں ایرانی قوم نے اسلامی انقلاب کے میقات میں اسی ہجرت کی راہ پر قدم رکھا، خمینی کبیر کی ابراہیمی ندا پر لبیک کہا، اغیار کے تسلط کو تسلیم کرنے کا لباس اتار پھینکا، دنیوی و اخروی سعادت کا احرام باندھا اور لبیک کہتے ہوئے اور ہرولہ کرتے ہوئے، خالص محمدی اسلام کی تعلیمات کے محور پر طواف کرنے اور اپنے آپ کو عالمی عدل اور ولایت عظمیٰ کے نور عالم تاب سے قریب کرنے کی کوشش کی۔

اللہ اکبر، اللہ اکبر، لا الہ الا اللہ واللہ اکبر، اللہ اکبر و للہ الحمد، اللہ اکبر علی ما ھدانا۔

جی ہاں! اللہ اکبر ... اور اسی اللہ اکبر کے ہتھیار کے ذریعے ایران کی مسلمان قوم نے سینتالیس سال پہلے قیام کیا، پہلوی کی طاغوتی، آمر اور پٹھو حکومت کا تختہ الٹ دیا، لالچی اور مستکبر امریکا کے ہاتھ ایران سے کاٹ دیے اور صیہونی حکومت کے اثر و رسوخ کو ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا۔ اسی اللہ اکبر کے اسلحے کے ذریعے، سرزمین ایران پر صدام کی بعثی حکومت کی جارحیت کے بعد اپنی جان کی پروا نہ کرنے والے غیور مجاہدوں اور نوجوانوں نے آٹھ سالہ مقدس دفاع کا کارنامہ رقم کیا اور مشرق و مغرب کی تمام طاقتوں کی جانب سے بعثی حکومت کی بھرپور حمایت کے باوجود اسے اس کی اوقات دکھا دی اور اس استقامت کو اگلے برسوں میں معاشی محاصرے، بغاوت، ظالمانہ پابندیوں اور اسلامی جمہوریہ کے خلاف دشمنوں کے بے شمار سیاسی، تشہیراتی اور معاشی حملے کے خلاف پوری طاقت اور استحکام کے ساتھ جاری رکھا۔

واللہ اکبر ... اللہ اکبر کا یہی نعرہ تھا جس نے ایران سے لے کر لبنان، فلسطین، عراق اور شام تک اور افریقا اور یمن سے لے کر افغانستان و پاکستان اور دنیا کی تمام حریت پسند اقوام تک، امت مسلمہ اور مزاحمتی محاذ کے مجاہد جوانوں کے آپسی رشتوں کو مضبوط بنایا تاکہ اللہ کی یہ مضبوط رسی، غاصب صیہونی جارحین کے مقابلے میں امت مسلمہ کے دفاع کے لیے اٹھ کھڑی ہو، داعش کا شیرازہ بکھیر دے، طوفان الاقصیٰ کھڑا کر دے اور متزلزل صیہونی حکومت کی سانسیں روک دے۔

اللہ اکبر، جی ہاں! خداوند متعال اس سے کہیں بزرگ و برتر ہے کہ اسے دائرۂ توصیف میں لایا جا سکے ... یہ اللہ اکبر کا ہتھیار ہی تھا کہ جس پر توکل کرتے ہوئے اسلامی جمہوریۂ ایران، صیہونی حکومت کو جون 2025 میں دوسری مسلط کردہ جنگ میں اپنے وحشت ناک حملوں سے لاچار کرنے، جارح امریکا کو زوردار تھپڑ رسید کرنے اور ایران کو جھکانے کے اس کے ہدف میں ناکام کرنے میں کامیاب ہوا۔ اللہ اکبر کے اسلحے نے ایرانی قوم کو ایسی قوت و طاقت عطا کی کہ آج کی دنیا کے شقی ترین لوگوں کے ہاتھوں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے فرزند خلف، قائد عظیم الشان حضرت آیت اللہ العظمیٰ سید علی حسینی خامنہ ای اعلی اللہ مقامہ کی شہادت کے جاں گداز واقعے کے بعد اسے الہی بعثت حاصل ہوئی اور ہر اس میدان میں جہاں ضرورت تھی، اس قوم نے بھرپور طریقے سے موجود ہو کر اپنے پر افتخار کارناموں پر دنیا کو حیرت زدہ کر دیا۔




اللہ اکبر، بے شک خداوند متعال اس سے کہیں بزرگ و برتر ہے کہ اسے توصیف کے دائرے میں لایا جا سکے ... اسی اللہ اکبر کے ہتھیار کے ذریعے اسلامی مملکت ایران میں غیور مجاہدوں اور جان کی قربانی دینے والی فورسز نے مزاحمتی محاذ خاص طور پر لبنان عزیز کی مزاحمتی فورسز کے ساتھ مل کر تیسری مسلط کردہ جنگ میں امریکا اور صیہونی حکومت کی از سر تا پا مسلح دو دہشت گرد فوجوں کے خلاف زبردست فتوحات حاصل کیں، خداوند عالم پر توکل کرتے ہوئے اور اپنے مزائلوں اور ڈرون طیاروں کے ذریعے بڑے شیطان اور اس کے پالتو کتّے صیہونی حکومت کو زمین، فضا اور سمندر میں بری طرح سنگسار کیا اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والوں کی مدد کے سچے وعدۂ الھی کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔

ایک بار پھر اللہ اکبر، بے شک خداوند متعال اس سے کہیں بزرگ و برتر ہے کہ اسے توصیف کے دائرے میں لایا جا سکے اور اس کا لشکر ہر طاقت پر فتحیاب ہے ... اور اسی اللہ اکبر کے اسلحے کے ذریعے، ایرانی قوم اور مزاحمتی محاذ کی بعثت اور اٹھ کھڑے ہونے کے بعد، امت مسلمہ کی بعثت سامنے آئے گی اور مشرکوں سے برائت، حج کی رمی جمرات سے لے کر پوری دنیا میں ہر جگہ مسلمانوں کی انفرادی، سماجی اور سیاسی زندگی کے تمام پلیٹ فارموں تک پھیل جائے گی۔

امت مسلمہ اور خطے کی اقوام کے درمیان بہت زیادہ مشترکہ صلاحیتیں اور مفادات ہیں جو خطے اور دنیا کے مستقبل کا نیا نظام تشکیل دیں گے۔ میں پوری صداقت اور اخلاص سے تمام اسلامی ممالک اور حکومتوں کو دوستی، تعاون، خیر خواہی اور نیکی کی دعوت دیتا ہوں کہ ہم باہمی تعاون کے ذریعے امت مسلمہ کی پیشرفت اور عالم اسلام کے مسائل کے حل کی راہ میں قدم اٹھائیں۔ جو چیز اس سلسلے میں یقینی ہے وہ یہ ہے کہ وقت کی سوئیاں، واپس نہیں ہوں گی اور خطے کی اقوام اور ان کی سرزمینیں، اب کبھی امریکی اڈوں کی ڈھال نہیں بنیں گی۔ اب امریکا کے پاس خطے میں شیطانی حرکتوں اور فوجی اڈے بنانے کا کوئی محفوظ ٹھکانہ نہیں ہوگا اور ساتھ ہی وہ روز بروز اپنی پرانی پوزیشن سے دور ہوتا جائے گا۔ متزلزل صیہونی اور اسرائیل کی سرطانی حکومت بھی اپنی منحوس عمر کے آخری مراحل کے قریب ہو چکی ہے اور اللہ کے فضل سے اور رہبر عظیم الشان قدس سرّہ کے دس سال پہلے کے ٹھوس اور مستقبل بیں قول کے مطابق، وہ اس تاریخ کے بعد کے پچیس سال نہیں دیکھ پائے گي، ان شاء اللہ۔



اس وجہ سے اس سال مشرکوں سے اظہار برائت کی اہمیت دگنی ہو جاتی ہے اور امریکا اور اسرائیل سے برائت کا میدان، حج کے موسم میں مشرکین سے برائت کے عمل سے آگے بڑھ جاتا ہے اور ایران اور دنیا کے مختلف علاقوں تک اور ان مبارک ایام کے بعد بھی امریکا مردہ باد اور اسرائیل مردہ باد، امت مسلمہ اور دنیا بھر کے مظلوموں، خاص طور پر جوانوں کا رائج نعرہ بن جائے گا۔

مستقبل، امت مسلمہ اور نئے اسلامی تمدن کا ہے اور ہم میں سے ہر ایک اپنے حوصلے، صلاحیت اور ذمہ داری کے مطابق اس مستقبل کو عملی جامہ پہنانے اور اس سے قریب ہونے میں کردار ادا کر سکتا ہے۔ اس سال کے حج میں ایرانی حجاج کرام اور زائرین خانۂ خدا، دوسرے ملکوں کے اپنے مسلمان بھائیوں اور بہنوں کو تیسری مسلط کردہ جنگ میں فتح کی تشریح اور تابناک مستقبل کی طرف سے انھیں پرامید بنانے میں مؤثر اور نمایاں کردار کے حامل ہیں۔ میں تمام حجاج کرام سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ انسانیت کے نجات دہندہ عجل اللہ تعالی فرجہ الشریف کے ظہور میں تعجیل کے دعا کا اہتمام کریں اور امت مسلمہ کے اتحاد، فلسطین اور مسجد الاقصیٰ کی آزادی، مسلمانوں کی بڑی مشکلات کی برطرفی اور عالمی سامراج کے خلاف ان کی حتمی کامیابی کے لیے دعا کریں اور حقیر کو بھی اپنی دعاؤں میں شامل کریں۔



اے پروردگار! محمد اور آل محمد پر درود بھیج اور تمام حجاج کرام اور پوری امت مسلمہ پر لطف و رحمت کی نظر کر، انھیں مقبول حج کی توفیق عطا کر، ان کے دلوں کو معرفت اور بصیرت کے نور سے منور کر دے اور امت کی اصلاح کی راہ پر چلنے اور اسلام کے دشمنوں پر آخری فتح کے لیے ان کے عزم و ارادے کو مزید مضبوط کر دے۔

اے پروردگار! شہدائے راہ خدا بالخصوص مزاحمتی محاذ کے شہیدوں اور ان میں سر فہرست رہبر عظیم الشان شہید خامنہ ای اعلی اللہ مقامہ کی پاکیزہ ارواح پر اپنا فضل اور اپنی وسیع رحمت نازل فرما اور ان حاجیوں کے حج، عابدوں کی عبادت اور جدوجہد کرنے والوں کی سعی میں سے رہبر شہید کی ملکوتی روح کو ایک وافر حصہ مرحمت فرما جو قائد امت کی ہدایت سے بہرہ مند ہوئے ہیں اور ایرانی قوم اور ان کی راہ اور ہدف کو جاری رکھنے میں امت مسلمہ کی مدد کر۔

اے پرودگار! اپنی برترین صلوات اور تحیت ہمارے آقا و مولا مہدئ منتظر صلوات اللہ و سلامہ علیہ اور ان کے پاکیزہ اجداد پر نازل فرما اور ہم سبھی اور امت مسلمہ کو ان کی خالص اور مستجاب دعاؤں میں شامل کر اور دنیا کو ان کے مبارک قدموں سے منور کر دے، جیسا کہ تو نے وعدہ کیا ہے اور ہمارے دل اس ٹھوس وعدے پر اطمینان سے لبریز ہیں۔

"وَعَدَ اللہُ الَّذینَ آمنوا مِنکُم وَ عَمِلوا الصّالِحاتِ لَیَستَخلِفَنَّھُم فیالارضِ کَما استَخلَفَ الَّذینَ مِن قَبلِھِم وَ لَیُمَکِّنَنَّ لَھُم دینَھُمُ الَّذِی ارتَضی لَھُم وَ لَیُبَدِّلَنَّھُم مِن بَعدِ خَوفِھِم اَمنا." (تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کیے اللہ نے ان سے وعدہ کیا ہے کہ وہ انھیں زمین میں اسی طرح جانشین بنائے گا جس طرح ان سے پہلے گزرے ہوئے لوگوں کو بنایا تھا۔ اور جس دین کو اللہ نے پسند کیا ہے وہ انھیں ضرور اس پر قدرت دے گا۔ اور ان کے خوف کو امن سے بدل دے گا۔)

والسّلام علی جَمیع اخواننا المسلمین و رحمۃ اللہ و برکاتہ

سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای

9 ذی الحجہ 1447

ایرانِ نوین



# حج میں امتِ عظیم مسلمہ کے فرائض رہبرِ شہید و مجاہدِ انقلابِ اسلامی حضرت آیت اللہ العظمیٰ خامنہ ای (رضوان اللہ تعالیٰ علیہ) کی نظر میں

حج؛ موحد انسان کی زندگي کا ایک مجموعی مرقع

حج، اسلام کے سب سے بڑے دینی واجبات میں سے ایک ہے جس کے انفرادی و سماجی پہلو بڑے نمایاں طور پر سامنے آتے ہیں۔ "انفرادی پہلو میں ہدف تزکیہ، پاکیزگي و نورانیت تک رسائي، بے قیمت مادی ذخائر سے دوری، معنویت کی طرف رغبت، خداوند متعال سے انسیت اور اللہ تعالی کا ذکر، اس سے توسل اور اس کے حضور گڑگڑانا ہے۔" (15/4/1997) اجتماعی پہلو سے دیکھا جائے تو حرم امن الہی میں مختلف مسلم اقوام کے اجتماع کا ہدف، قومیت اور شخصیت سے پرے ایک الہی امر کو جامۂ عمل پہنانا ہے تاکہ وہاں مسلمان "ایک ساتھ رہیں، ایک ساتھ رہنے کو محسوس کریں اور اس چیز کو، جو قومیت سے بالاتر ہے یعنی مسلمان ہونا اور اتحاد اسلامی، انھیں سمجھایا جائے۔" (5/ 4/ 1995) در حقیقت خداوند عالم حج میں " موحد انسان کی زندگي کا ایک جامع مرقع پیش کرتا ہے اور ایک علامتی عمل کے ذریعے مسلمانوں کو باہدف اور بامقصد زندگي کا درس دیتا ہے۔" (18 /5/ 1993) اس طرح سے کہ حج کے تمام مناسک "اس تصویر کے ایک حصے کا علامتی اشارہ ہیں جو اسلام نے اپنے مطلوبہ اجتماع کے سلسلے میں پیش کی ہے۔" (8/10/ 2019)




## برائت کا موقع

حج میں "ابراہیم خلیل اللہ نے اپنے پارۂ تن کو قربانگاہ میں لا کر توحید کا ایک مظہر، جو اپنے نفس پر غلبے اور اللہ کے حکم کے سامنے پوری طرح سے سر تسلیم خم کرنے سے عبارت ہے، دنیا کی پوری تاریخ کے تمام موحدوں کے سامنے ایک یادگار کے طور پر چھوڑا۔" (18/9/ 2007) پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے بھی "وقت کے مستکبروں اور زر و زور کے خداؤں کے سامنے توحید کا پرچم لہرایا اور خدا پر ایمان کے ساتھ ہی طاغوت سے برائت و بیزاری کو نجات کی شرط قرار دیا۔" (18/12/ 2007) ان تعلیمات کی بنیاد پر ایرانی قوم نے اسلامی انقلاب کی کامیابی کے بعد حج کا ایک نیا معنی اخذ کیا اور اس کے رفیع حقائق امام خمینی رحمت اللہ علیہ کے ذریعے ایرانی قوم کے لیے آشکار ہوئے، "برائت کے ہمراہ حج، مسلمانوں سے افہام و تفہیم والا حج ہے، وہ حج ہے جو "اشداء علی الکفار" اور "رحماء بینھم" والا حج ہے۔" (16/7/ 2018) اور فریضۂ حج میں ایک سب سے نمایاں سیاسی عمل، "برائت کا موقع ہے۔" (23/9/ 2015)

## مشرکین سے برائت، حج کی روح

چونکہ کعبہ "اسلام کا مرکز ہے، اسلام کی روح اور حقیقت، توحید ہے اور خانۂ خدا توحید کا مظہر ہے، لہذا نعرہ، توحید کا نعرہ ہے اور برائت بھی، شرک سے برائت ہے۔" (5/4/ 1995) اپنے عمیق قرآنی مفہوم کے ساتھ توحید کا مطلب "اللہ کی طرف توجہ، اس کی طرف بڑھنا اور بتوں اور شیطانی طاقتوں کی نفی ہے۔" (18/5/ 1993) اور یہ بات کہ حج سے متعلق آیات میں "بارہا ذکر خدا کی بات کی گئي ہے، اس چیز کی نشانی ہے کہ اس گھر میں اور اس کی برکت سے اللہ کے علاوہ ہر عنصر مسلمانوں کے ذہن اور عمل سے باہر نکال دیا جانا چاہیے اور ان کی زندگي سے شرک کی مختلف قسموں کا خاتمہ ہو جانا چاہیے۔" (18/5/ 1993) یہی وجہ ہے کہ "مشرکین سے برائت اور بتوں اور بت پرستوں سے بیزاری، مومنوں کے حج کی جان ہے۔ حج کا ہر مقام اپنا دل خدا کے حوالے کرنے، اس کی راہ میں کوشش اور جدوجہد، شیطان سے برائت، اسے دھتکارنے اور کنکری مارنے اور اس کے مقابلے محاذ تیار کرنے کی عکاسی کرتا ہے۔" (18/12/2007)

## شرک سے جنگ

حج میں برائت کا مطلب "دشمن کی سازش کو برملا کرنا اور اس سے بیزاری کا اعلان ہے۔" (1/4/ 1998) "ہر زمانے کے طاغوتوں کی تمام بربریت، مظالم، برائیوں اور بدعنوانیوں سے بیزاری اور وقت کے مستکبروں کی منہ زوری کے مقابلے میں استقامت ہے۔" (5/8/ 2019) اسی لیے برائت کا پروگرام، "ان سب سے برائت و بیزاری کے اعلان کا وسیلہ ہے اور یہ ان شیطانی عناصر کی نفی اور تمام اسلامی معاشروں پر اسلام اور توحید کی حکمرانی کے قیام میں اسلامی عزم کے عملی شکل اختیار کرنے کی راہ میں پہلا قدم ہے۔" (18/5/ 1993) بنابریں برائت میں جو جنگ ہے، وہ شرک کے ساتھ جنگ ہے، کفر کے ساتھ جنگ ہے، وہ جنگ جو حج میں نہ ہو تو وہ بھائیوں اور مومنین کی آپس میں جنگ ہے۔" (11/9/ 2013)




مشرکین سے برائت: تشریح کے موقع سے لے کر مسلمانوں کی عزت کی تقویت تک

دوسری جانب مشرکین سے برائت، امت مسلمہ کے لیے کچھ اقدامات اور اثرات کی حامل ہے۔ سب سے پہلے تو یہ کہ "آج (مغربی ایشیا کے) اس خطے میں امریکا کی شر پسندانہ پالیسیاں ایک طرف اور صیہونی حکومت کے جرائم دوسری طرف، تمام مسلمانوں کا سب سے بڑا مسئلہ ہیں۔" (23/9/ 2015) اور "اس سلسلے میں تشریح، حقائق کو برملا کرنے اور سامراج و امریکا سے برائت کے اعلان کے لیے حج کے موقع کو ہاتھ سے نہیں جانے دینا چاہیے۔" (20/12/ 2004) دوسری بات یہ کہ اگر حج صحیح اور مکمل ہو تو "پہلے امت مسلمہ کی تمام مشکلات کو بڑھنے سے روک دیتا ہے، پھر انہیں ختم کر دیتا ہے اور پھر اسلام کی عزت، مسلمانوں کی زندگي کی بہتری اور اغیار کے شر سے اسلامی ملکوں کی آزادی و خودمختاری کا منبع بن جاتا ہے۔" (23/4/ 1996) اور تیسری بات یہ کہ مشرکین سے برائت کا پروگرام حج میں ایک بڑی تبلیغ ہے "یہ موجودگي ہی اپنے آپ میں تبلیغ ہے۔ یہ اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ آپ نے حج کو اس کے تمام پہلوؤں کے ساتھ، ایک مکمل پیکیج کے طور پر قبول کیا ہے۔" (26/10/ 2009)

شرک ہمیشہ ایک جیسا نہیں ہوتا

البتہ شرک ہمیشہ ایک ہی طرح کا نہیں ہوتا۔ بت ہمیشہ لکڑی، پتھر اور دھات کی مختلف شکلوں میں ہی ظاہر نہیں ہوتے۔ خانۂ خدا اور حج کے تعلق سے ہر زمانے میں شرک کو اس زمانے کے مخصوص لباس میں اور خدا کے شریک بت کو اس دور کی مخصوص شکل میں پہچاننا اور اس کی نفی کرنا اور اسے مسترد کرنا چاہیے۔ (16/6/ 1991) لیکن "بے شک آج اور ہمیشہ وہی طاقتیں ہیں جنھوں نے انسانی زندگي کے نظام کی حکمرانی کو زبردستی اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے اور آج سب سے زیادہ واضح سامراجی طاقت، امریکا کی شیطانی طاقت، مغربی کلچر کی طاقت اور وہ بے راہ روی اور بدعنوانی ہے جو یہ طاقتیں مسلم ممالک اور اقوام پر مسلط کر رہی ہیں۔ (15/5/ 1994)

مظلوموں کے قتل اور جنگ کی آگ بھڑکانے سے برائت

لہذا آج کل مشرکین سے برائت کا پروگرام "آج استکباری قوتوں اور ان میں سر فہرست امریکا کے کفر و شرک کے محاذ سے اعلان برائت کا مطلب، مظلوم کے قتل عام اور جنگ بھڑکانے سے بیزاری ہے، امریکی بلیک واٹر اور داعش جیسے دہشت گردی کے مراکز کی مذمت ہے ... بچوں کی قاتل صیہونی حکومت اور اس کی پشت پناہی کرنے والوں اور اس کے مددگاروں کے خلاف امت اسلامیہ کی فلک شگاف پکار ہے، مغربی ایشیا اور شمالی افریقا کے حساس علاقے میں امریکا اور اس کے حامیوں کے جنگ بھڑکانے کی مذمت ہے ... جغرافیائی محل وقوع یا نسل یا جلد کے رنگ کی بنیاد پر تفریق و نسل پرستی سے بیزاری ہے، اس کا مطلب اس شرافت مندانہ، نجیبانہ اور منصفانہ روش کے مقابلے میں جس کی اسلام دعوت عام دیتا ہے، جارح و فتنہ انگیز طاقتوں کی استکباری اور خبیثانہ روش سے بیزاری ہے۔"(6/7/ 2019) اور "آج مسلمان حج میں جو برائت کا نعرہ لگاتا ہے وہ سامراج اور اس کے زرخریدوں سے برائت کی آواز ہے جن کا اثر و نفوذ ، افسوس کا مقام ہے کہ اسلامی ملکوں میں زیادہ ہے اور انھوں نے اسلامی معاشروں پر شرک آلود نظام زندگی، مشرکانہ سیاست اور ثقافت مسلط کر کے، مسلمانوں کی زندگی میں 'عملی توحید' کی بنیادیں منہدم کر دی ہیں اور انھیں غیر خدا کی عبادت میں مبتلا کر دیا ہے۔ ان کی توحید صرف زبانی ہے، توحید کا صرف نام ہے اور ان کی زندگی میں توحید کے معنی کا کوئی اثر باقی نہیں بچا ہے۔" (16/6/ 1991)







مسلمانوں کے سب سے بڑے دشمن

البتہ آج مسلمانوں کے سب سے بڑے دشمن صیہونی اور وہ لوگ ہیں جو ان کی مدد کرتے ہیں کیونکہ "حالیہ صدیوں کا سب سے بڑا ظلم، فلسطین میں ہوا ہے۔ اس دردناک واقعے میں، ایک قوم کی ہر چیز، اس کی سرزمین، اس کا گھر، کھیت اور اثاثہ، اس کی عزت اور اس کی پہچان چھین لی گئي ہے۔" (10/8/ 2019) اور "آج جو بھی صیہونیوں کی حمایت کرتا ہے، چاہے وہ امریکا اور برطانیہ وغیرہ جیسے سامراجی ممالک کے حکام ہوں یا اقوام متحدہ وغیرہ جیسے عالمی ادارے ہوں جو کسی نہ کسی طرح، یا اپنی خاموشی سے یا اپنے بیانوں اور غیر منصفانہ رائے زنی سے ان کی حمایت کرتے ہیں، اس معاملے میں شریک جرم ہیں۔ پورا عالم اسلام ان کے خلاف اٹھ کھڑا ہو، مقابلہ کرے، برائت کا اعلان کرے ... یہ ایک اجتماعی فریضہ ہے۔" (29/7/ 2014)

برائت کا حج

حج "امت مسلمہ کے عقیدے کے اظہار اور موقف کے اعلان کی ایک جگہ" (30/7/ 2017) ہے اور امت مسلمہ اپنے صحیح اور قابل قبول اور قابل اتفاق رائے موقف کو بیان کر سکتی ہے، قابل قبول اور قابل اتفاق رائے... اقوام، مسالک۔ ممکن ہے حکومتیں کسی اور طرح سوچیں، کسی اور طرح کام کریں لیکن اقوام کا دل، الگ چیز ہے۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں اقوام مختلف معاملات میں اپنے موقف کا اظہار کر سکتی ہیں۔ (30/7/ 2017) اگرچہ برائت، ابتدائے انقلاب سے ہی حج میں موجود رہی ہے (2024/5/6) لیکن غزہ کے بڑے اور عجیب واقعات کے پیش نظر خاص طور پر اس سال کا حج، حج برائت ہے۔ (2024/5/6) اور مومن حجاج کو اس قرآنی منطق کو پوری اسلامی دنیا میں منتقل کرنا چاہیے۔ آج فلسطین کو اسلامی دنیا کی پشت پناہی کی ضرورت ہے۔ (2024/5/6)

البتہ اسلامی جمہوریہ نہ تو کسی کے انتظار میں بیٹھی رہی اور نہ آگے بیٹھی رہے گی لیکن اگر مسلم اقوام اور مسلمان حکومتوں کے مضبوط ہاتھ اطراف و اکناف سے آ کر ساتھ دیں تو اس کا اثر بہت زیادہ ہو جائے گا۔ پھر فلسطینی عوام کی المناک حالت اس طرح جاری نہیں رہے گی، یہ فریضہ ہے۔ (2024/5/6)



# حج میں مشرکین سے بیزاری:
## قرآنی اسلوب، نبوی رحمت، اور اسلامی وحدت کی روشنی میں



### ولی فقیہ کے نئے نمائندہ برائے امور حج
### امیرالحاج حجۃ الاسلام والمسلمین سید عبدالفتاح نواب

فریضۂ حج، عبادتِ توحید کی عظیم ترین علامت، اپنے عبادتی اور روحانی پہلوؤں کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کی عالمگیر اجتماع گاہ، انسان کی تربیت کے لیے ایک جامع مکتب، امتِ مسلمہ کی عظمت کی بحالی، اور مسلمانوں کی بیداری، ذمہ داری اور اتحاد کا ایک شاندار مظاہرہ ہے۔

سال ۱۴۰۵ (ہجری شمسی) کے حج تمتع کا نعرہ "حج؛ قرآنی سلوک، نبوی رحمت اور وحدتِ امتِ اسلامی" موجودہ دور میں اس الٰہی فریضے کے عمیق پہلوؤں کو ازسرِنو سمجھنے کی ایک کوشش ہے۔ یہ وہ زمانہ ہے جسے، پہلے سے کہیں زیادہ، روحانیت، ہمدردی، اور اسلام کے اصیل تعلیمات کی طرف لوٹنے کی ضرورت ہے، بالخصوص اس آیت کے دائرے میں: "أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ" (الفتح: ۲۹)۔




حج کے اہم ترین سیاسی-عبادی تصورات میں سے ایک "مشرکین اور ظالموں سے بیزاری" ہے۔ یہ تصور قرآن کریم کی اس آیت میں وجود رکھتا ہے: "وَأَذَانٌ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ إِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ أَنَّ اللَّهَ بَرِيءٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَرَسُولُهُ" (التوبہ: ۳)۔

بیزاری امتِ مسلمہ کا -ظلم، استکبار، شرک، اور استبداد کے خلاف موقف ہے، نیز ان جابرانہ نظاموں اور رجحانات کے خلاف اعلامیہ ہے جو انسان کے وقار کو پامال کرتے ہیں، مسلمانوں میں تفرقہ ڈالتے ہیں، اور اپنے جارحانہ اہداف کے حصول کے لیے قتل و غارت گری کرتے ہیں۔

حج میں مختلف نسلوں، زبانوں اور مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے مسلمان جمع ہوتے ہیں تاکہ اللہ کی عبادت کے ساتھ ساتھ اپنی وحدت اور ہمبستگی کا مظاہرہ کریں۔ ایسے ماحول میں، انسانیت اور اسلام کے دشمنوں سے بیزاری زیادہ واضح معنی اختیار کر لیتی ہے۔

قرآنی سلوک کا مطلب ہے انسان کا اللہ کی ہدایت کے راستے پر قرآن کریم کی تعلیمات کی بنیاد پر چلنا، اور حج کے تمام مناسک (احرام سے لے کر طواف، سعی، عرفات، مشعر، منیٰ، جمرات تک) میں بندگی، تقویٰ، صبر، اخلاص، توحید اور بیزاری کی مشق کرنا۔

قرآنی سلوک کے حاجی نہ صرف مناسک ادا کرتے ہیں، بلکہ قرآن کی روح کو اپنے رویے اور اخلاق میں ظاہر کرتے ہیں، جھگڑے اور خودغرضی سے دور رہتے ہیں، دوسروں کا احترام کرتے ہیں، اور اسلامی بھائی چارے اور استکبار سے مقابلے کے جذبے کو فروغ دیتے ہیں۔

اگر نبوی رحمت امت کے درمیان تعامل کا نمونہ ہے (اور ہم نے تجھے تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے)، اور اگر حج، نبوی سیرت کا اخلاق، بردباری، مہربانی اور عدل کے حوالے سے ازسرِنو مطالعہ کرنے کا موقع ہے تو رحمت یہ تقاضا کرتی ہے کہ امتِ مسلمہ جھگڑے اور تفرقے کی بجائے اپنے مشترکات پر زور دے اور اسلام کے دشمنوں کے خلاف متحد ہو۔

رسولِ اکرم (ص) نے حجۃ الوداع میں مسلمانوں کے خون کی حرمت، انسانوں کے وقار اور امت کی وحدت پر زور دیا تھا، اور آج عالمِ اسلام کو پہلے سے کہیں زیادہ اسی پیغام کے احیاء، اور اخلاص، نظم، درگزر اور بھائی چارے کی مشق کی ضرورت ہے۔

جو معاشرہ قرآنی سلوک کی بنیاد پر تشکیل پائے گا، وہ دباؤ اور مشکلات کے سامنے زیادہ استحکام اور امید رکھے گا۔ وہ تعاون، ہمدردی اور سماجی ذمہ داری کا جذبہ جو حج میں پیدا ہوتا ہے، اسلامی معاشروں میں بہت سے سماجی اور معاشی مسائل کو کم کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔

حج کے اہم ترین ثمرات میں سے ایک "امتِ واحدہ" کا قیام ہے۔ وحدتِ امتِ اسلامی کا مطلب ہے مشترکہ خطرات کے خلاف ہم آہنگی اور تعاون۔ حج، اسلامی قوموں کے درمیان گفتگو، ہمدردی اور تعاون کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کر سکتا ہے، تاکہ اسلام کے دشمنوں کی تفرقہ ڈالنے، مسلمانوں کو کمزور کرنے، اور ان کی تقدیر پر غلبہ حاصل کرنے کی کوششوں کا مقابلہ کیا جا سکے۔

اسلام کے دشمنوں سے بیزاری اسی تناظر میں معنی رکھتی ہے، کیونکہ وحدت دشمن کی پہچان کے بغیر ممکن نہیں۔ اور امتِ مسلمہ اس وقت عزت اور ترقی حاصل کر سکتی ہے جب وہ بھائی چارے اور رحمت کو برقرار رکھتے ہوئے ظلم، استبداد، جارحیت اور جنایت کے خلاف واضح اور مشترکہ موقف اختیار کرے۔

بیزاری، بیداری اور ہمبستگی کا پیغام — بحران کے زمانے میں

آج یہ پیغام ایسے حالات میں دیا جا رہا ہے جہاں عالمِ اسلام اور پوری انسانیت مختلف اخلاقی، معاشی، سلامتی اور انسانی بحرانوں کا شکار ہے۔ ان سب سے بڑھ کر اس دور کا بےلگام، خونخوار دندانوں والا فرعون (استکبار) اور صہیونی حکومت کے لامحدود جرائم ہیں، جو خطے کی قوموں — خاص طور پر فلسطین سے لے کر ایران تک — کے خلاف کیے جا رہے ہیں۔ آج پہلے سے کہیں زیادہ دنیا کو روحانیت، عدل، آزادی اور حق کی طرف لوٹنے کی ضرورت ہے۔

ایرانِ اسلامی پر دو جارحانہ جنگیں مسلط کرنا، شہید امام (خمینی) اور ان کے صالح جانشین (شہید) اور کمانڈروں، سائنسدانوں، معصوم لوگوں اور حتیٰ کہ میناب کے شجرہ طیبہ سکول کے مظلوم معصوم بچوں کی شہادت، نیز ہماری قوم اور غزہ کے لوگوں پر انتہائی درندہ صفت جرائم اور ظالمانہ محاصرہ — یہ ہمارے زمانے کے وہ درد ہیں جن کی مثال تاریخِ انسانی میں بےمثال ہے۔




ایسے ماحول میں حج، سکون، بیداری، بھائی چارے اور استحکام کا پیغام لا سکتا ہے اور مسلمانوں کو یاد دلا سکتا ہے کہ انہیں قوموں کے درد اور انسانوں کے مسائل سے بےخبر نہیں رہنا چاہیے۔ اس نقطہ نظر سے بیزاری، ایک نعرے سے کہیں بڑھ کر، ایک اخلاقی اور انسانی ذمہ داری ہے۔

دنیا اور خطے میں بڑھتا ہوا تشدد، جنگیں، دھمکیاں، جرائم اور عدم تحفظ، اور وہ واقعات جن کے سنگین اثرات عام لوگوں کی زندگیوں پر سایہ فگن ہیں، شہداء اور ایثار کرنے والوں کے خاندانوں اور ان افراد کا درد جن کی سلامتی اور سکون چھن چکا ہے یا خطرے میں ہے، نوجوانوں کی توقع جو اپنے سامنے ایک مبہم مستقبل دیکھتے ہیں، اور وہ قومیں جو معاشی اور نفسیاتی دباؤ کا شکار ہیں — سب پہلے سے کہیں زیادہ امید، ہمبستگی، اور انسانی اور الٰہی اقدار کی طرف لوٹنے کے محتاج ہیں۔

ایرانی قوم بھی پچھلے ایک سال میں بےپناہ معاشی، نفسیاتی اور سیکیورٹی دباؤ برداشت کر چکی ہے۔ ایسے حالات میں سماجی سکون، قومی یکجہتی، اور عمومی امید کو برقرار رکھنا ایک بنیادی ضرورت ہے۔ جو معاشرہ ہمدردی اور اعتماد کے سرمائے کو بچائے رکھتا ہے، وہ بحرانوں سے نکلنے کی زیادہ صلاحیت رکھتا ہے۔

حج، دنیا کے مسلمانوں کی وحدت، عزت اور امید کا سب سے بڑا مظاہرہ ہے، اور مسلمانوں کو سکھاتا ہے کہ وہ عبادت اور روحانیت کے ساتھ ساتھ قوموں کی تقدیر، انسانوں کے درد، اور ہمبستگی کو برقرار رکھنے کی ضرورت کے بارے میں زیادہ ذمہ دار بنیں۔

آج امتِ مسلمہ کو پہلے سے کہیں زیادہ قرآن کی طرف، رسولِ رحمت (ص) کی سیرت کی طرف، حج کے اتحاد پیدا کرنے والے جذبے کی طرف، اور امت کے دشمنوں کے مقابلے میں بہادری اور استقامت کے جذبے کی طرف لوٹنے کی ضرورت ہے، اور یہ سب کچھ ہمارے عظیم الشان قائد، آیت اللہ امام سید مجتبیٰ خامنہ ای (حفظہ اللہ تعالیٰ) کی قیادت میں ممکن ہے۔ صرف بیداری، روحانیت، ہمدردی اور امید کے سایے میں ہی مشکلات پر قابو پایا جا سکتا ہے اور ایک محفوظ تر اور انسانی تر مستقبل تعمیر کیا جا سکتا ہے۔

# موسیقی ویڈیو: حضرت ابراہیمؑ بت شکن



ایران نوین



# حج کا نغماتی ویڈیو – امتِ مسلمہ کا اتحاد – شیاطین کو کنکریاں مارنا





# حج کا نغماتی ویڈیو – شیطان کو کنکریاں مارنا



# امتِ اسلامی کی وحدت آفرین حرکت
# رہبر شہید کے کلام میں موسم حج میں

عطیہ کشتکاران
ڈاکٹر فلسفۂ دین دانشگاہ تہران سے، طلبہ



اقامۂ حج کو پہلی نظر میں ایک منفرد عرفانی تجربہ سمجھا جاتا ہے جو ہر صاحبِ استطاعت مسلمان پر واجب ہے۔ رہبرِ شہیدِ انقلابِ اسلامی اس پہلو کو حج کا «ذکر» قرار دیتے تھے اور اس کے دوسرے پہلو کو «اتحاد و وحدتِ امتِ اسلامی» کہتے تھے۔ حجِ ابراہیمی کے یہ دو پہلو ان کے پیغامات اور حج بجا لانے والوں سے ملاقاتوں میں بار بار بیان ہوئے ہیں اور اس فریضے کے بارے میں ان کی کلی نگاہ کی بنیاد ہیں۔ اس بات پر توجہ دینا ضروری ہے کہ ان کے نزدیک ذکر اور اتحاد کے درمیان ربط کا عنصر «حرکت» ہے۔ «خود حج حرکت کے عنصر کا حامل ہے؛ عبادت ہے مگر اس عبادت میں انسان دیکھتا ہے کہ حرکت موجود ہے۔» یہ حرکت عبادی مناسک جیسے طواف اور سعی کو بھی شامل ہے، مسلمانوں کے ایک جغرافیہ میں جمع ہونے کو بھی، اور امتِ اسلامی کی وحدت کے لیے اجتماعی فیصلے اور حرکت کو بھی۔ چنانچہ حاجیوں کی وحدت‌آفرین حرکت تین مراحل میں آگے بڑھتی ہے: مسلمانوں کا اجتماعی اجتماع، ایک دوسرے کے ساتھ ہمزیستی، اور دشمن سے بیزاری کا اجتماعی فیصلہ۔





۱. مسلمانوں کا اجتماع۔

مسلمانوں کی عظیم اجتماعیت حج دنیا میں عام اجتماعات اور کانفرنسوں کی طرح نہیں ہے۔ ایک طرف تو یہ حج کی دعوت عام لوگوں کے لیے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو دعوت دی ہے کہ وہ ہر سال مخصوص چند دنوں میں ایک مخصوص جگہ پر اکٹھے ہوں۔ لیکن اس جسمانی قرب کے پیچھے ایک معنی پوشیدہ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ الٰہی ارادہ اس پر قائم ہے کہ مسلمانوں کے افراد ایک دوسرے کے قریب آئیں تاکہ ایک دوسرے کو پہچانیں، باہم مشورہ کریں اور فیصلہ کریں۔

۲. ایک دوسے کے ساتھ ہمزیستی

شہید آیت اللہ خامنہ‌ای کے بیان میں صرف اجسام کا جمع ہونا لازمی طور پر ہم فکری اور فیصلے کا سبب نہیں بنتا۔ بلکہ مسلمانوں کو چاہیے کہ اس فریضے کے دوران ایک دوسرے کے ساتھ ہمزیستی کا طریقہ سیکھیں۔ «اس کا مقدمہ تفاہم ہے، قومیتوں سے عبور کرنا، مذہبی اور فرقہ وارانہ تفرقوں سے عبور کرنا۔ اسلام میں مختلف مذاہب ہیں جو ایک ساتھ، سب ایک طرح سے، سب ایک لباس میں، سب ایک حرکت کے ساتھ، سب ایک جگہ [حج میں جمع ہوتے ہیں]؛ یہ الٰہی اجتماع ہے، یہ اسلامی اجتماع ہے۔»

وہ مسلمانوں کے درمیان اتحاد بڑھانے کے لیے دو نمایاں اسلامی عناصر پر زور دیتے تھے: مسجدالحرام میں نمازِ باجماعت کی اقامت، اور حاجیوں کے درمیان قرآن کی تلاوت۔ «کوشش کریں یہ اتحاد ٹوٹنے نہ پائے۔ ائمہ (علیہم السلام) مسجدالحرام میں اس امام کے پیچھے نمازِ باجماعت میں جاتے تھے جو نماز پڑھاتا تھا، امام صادق (ع) جاتے تھے شریک ہوتے تھے۔ ... ہاں، اختلافِ رائے ہے، عقائد میں بھی اختلاف ہے، مگر اشتراکِ رائے بھی ہے ... ایک چیز جو اتحاد کا ذریعہ بن سکتی ہے، وہ ان محترم قاریوں سے استفادہ کرنا ہے۔ سنا ہے کہ الحمدللہ اس سال بھی کچھ قاری جا رہے ہیں؛ یہ بہت اچھا کام ہے۔ ایک کام جو وحدت پیدا کرتا ہے، یہی ہے۔ قرآن مسلمانوں کے درمیان وحدت کا ذریعہ ہے۔»

۳.دشمن سے برائت میں اجتماعی ارادہ۔

آیت اللہ خامنہ‌ای کی فکر میں حج کا مقصد تمام مسلمانوں کی طرف سے اسلام کے دشمنوں اور ان میں سرِ فہرست صہیونی حکومت سے برائت کا اظہار ہے۔ دشمن سے برائت کوئی نئی ایجاد نہیں ہے۔ حضرت ابراہیم (ع) بھی «مضبوطی سے کھڑے ہوتے ہیں اور برائت کا اظہار کرتے ہیں: إِنَّا بُرَآءُ مِنكُمْ (بےشک ہم تم سے بیزار ہیں)؛ وَ بَدا بَینَنا وَ بَینَکُمُ العَداوَةُ وَ البَغضاء (اور ہمارے اور تمہارے درمیان دشمنی اور عداوت ظاہر ہو گئی)؛ ہم تمہارے صریح دشمن ہیں اور دشمنی کریں گے۔ یہ لوگ کون ہیں؟ وہ لوگ جو جھگڑا کرتے ہیں۔» قرآن کے بیان سے صاف سمجھ میں آتا ہے کہ صہیونی حکومت مسلمانوں کے قتل و غارت گری کی وجہ سے، اور امریکہ اس حکومت کی امداد کی وجہ سے ظالم ہیں اور ان سے بیزاری ضروری ہے۔

امتِ اسلام کی وحدت محض نعرہ، بیان اور اعلامیہ نہیں ہے۔ شہید رہنما نے اپنی گفتگو میں اس وحدت کی پشت پناہی سے مسلم معاشروں کے دکھ اور مصائب کے ازالے کے لیے اقدامات بھی بیان کیے ہیں۔ «ہم مظلوم فلسطین کی مدد، زخمی یمن کے پیکر پر ہمدردی، اور دنیا کے کسی بھی حصے میں ظلم کے تحت زندگی بسر کرنے والے مسلمانوں کی فکر کو اپنی ہمیشہ کی ذمہ داری قرار دیتے ہیں۔ ہم بعض مسلم ممالک کے سربراہوں کو نصیحت کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ وہ حکمران جو اپنے مسلمان بھائی پر بھروسہ کرنے کی بجائے دشمن کی آغوش میں پناہ لیتے ہیں، اور تھوڑے دنوں کے ذاتی فائدے کے لیے دشمن کی ذلت اور زیادتی برداشت کرتے ہیں، اور اپنی قوم کی عزت اور آزادی پر سودا کرتے ہیں۔ ... ہم انہیں نصیحت کرتے ہیں اور اس رویے کے تلخ انجام سے ڈراتے ہیں۔ ہم مغربی ایشیا (مشرقِ وسطیٰ) میں امریکہ کی موجودگی کو خطے کی قوموں کے لیے نقصان دہ اور ممالک کی عدم تحفظ، تباہی او






# مشرکین سے برائت (بیزاری) اور عصر حاضر کے علاقائی تنازعے کے زیرِ سایہ سیاسی شعور کی بازسازی




## نورا فرحات – الجزائری محقق


جمہوری اسلامی ایران اور امریکی-صہیونی محور کے درمیان جاری تصادم کے پیشِ نظر، مشرق وسطیٰ کے علاقے نے حالیہ برسوں میں سیاسی اور فوجی کشیدگیوں اور جھڑپوں میں نمایاں اضافہ دیکھا ہے۔ اس کی وجہ سے یہ علاقہ سیاسی اور علاقائی اتحادوں کی نوعیت میں گہری تبدیلیوں سے گزرا ہے۔

یہ تنازعات اب صرف فوجی یا سیکیورٹی پہلو تک محدود نہیں رہے، بلکہ ثقافتی، علامتی اور شعور کی تشکیل کے میدانوں تک پھیل گئے ہیں، اس طرح کہ یہ کشمکش اب شناخت، دشمن کی پہچان، اور اسلامی معاشروں میں سیاسی ادراک کی بتعمیر نو پر بھی جاری ہے۔

یہ صورتِ حال اسی وقت سامنے آئی جب تعلقات کی نارملائزیشن کی لہر شروع ہوئی، جس میں صہیونی حکومت کے ساتھ کچھ عرب نظاموں نے شمولیت اختیار کی۔ اس نے عربی سیاسی گفتار کے ڈھانچے میں نمایاں تبدیلیاں پیدا کیں اور ایک بار پھر فلسطین کے مسئلے کے مقام، دین و سیاست کے تعلقات کی حدود، اور موجودہ دور میں دوستی اور برائت کے معیارات کے بارے میں بنیادی سوالات اٹھا دیے۔



ایسے حالات میں، "مشرکین اور مستکبرین سے برائت" کا تصور، جو غلبے، استکبار اور خطے میں تصادم کی نوعیت کی نئی تعریف کے بارے میں بڑھتی ہوئی بحثوں کے بعد، ایک قرآنی تصور کے طور پر، عصری مذہبی اور سیاسی گفتار میں ایک بار پھر فعال ہو گیا ہے۔

برائت کا تصور اسلام کے اعتقادی ڈھانچے میں بنیادی تصورات میں سے شمار ہوتا ہے، اور جیسا کہ قرآنی متون میں آیا ہے، چونکہ اس کا تعلق توحید کے اعلان اور شرک، ظلم اور سرکشی سے دوری سے ہے، اس لیے یہ تصور عصری اسلامی فکر میں معنوی تبدیلیوں سے گزرا ہے اور محض عبادی یا اعتقادی مرحلے سے آگے بڑھ کر ایک سیاسی گفتار کا حصہ بن گیا ہے جو عالمی تنازعات کی تفسیر کرنے، دشمن کی نئی تعریف کرنے اور امت مسلمہ کے اجتماعی شعور کو تشکیل دینے کی کوشش کرتا ہے۔

موجودہ علاقائی تبدیلیوں، خاص طور پر تعلقات کی نارملائزیشن کے عمل کے پھیلاؤ اور سیاسی و فوجی تصادم میں اضافے کے ساتھ، شناخت اور مزاحمت سے منسلک گفتار کی نئے سرے سے تشکیل میں مدد ملی ہے اور برائت کے تصور کو عالم اسلام میں سیاسی اور ثقافتی شعور کی جنگ کے ایک حصے کے طور پر پیش کیا ہے۔

اب برائت پر بحث محض عبادی یا فقہی پہلوؤں تک محدود نہیں ہے، بلکہ یہ حاکمیت، تمدنی آزادی، اور عصری بین الاقوامی نظام میں امت مسلمہ کے مقام جیسے موضوعات سے جڑ گئی ہے۔

اس کے باوجود، سیاسی میدان میں برائت کے تصور کو استعمال کرنا، اس تصور کے مختلف تصورات کے پیشِ نظر، بیک وقت متعدد فکری اور علمی مسائل کو بھی جنم دیتا ہے۔ کچھ اسے ظلم اور غلبے کا مقابلہ کرنے کے لیے ایک تمدنی اصول سمجھتے ہیں، جبکہ کچھ اسے تقابلی یا فرقہ وارانہ جہتوں تک محدود کر دیتے ہیں۔ یہ وہ چیز ہے جس کے نتیجے میں امت مسلمہ میں تقسیم میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

اسی لیے، ہمیں اس تصور پر ایک علمی اور متوازن نقطہ نظر کی ضرورت ہے، تاکہ اس کی قرآنی جڑوں اور تمدنی اہداف، اور موجودہ حقیقت میں اس کے بعض سیاسی یا نظریاتی استعمال کے درمیان فرق کیا جا سکے۔

اس تحقیق کی اہمیت اس کی کوشش سے پیدا ہوتی ہے کہ وہ موجودہ علاقائی تنازعات کے زیرِ سایہ برائتِ مشرکین کے تصور میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کا تجزیہ کرے، اور عصری اسلامی سیاسی شعور کی تعمیر میں اس کے کردار کے پیشِ نظر، خاص طور پر ایران اور امریکی-صہیونی محور کے درمیان تصادم کی شدت کے حالات میں، جس کے نتیجے میں خطے میں تعلقات کی نارملائزیشن کا عمل پھیلا ہے۔

اول: برائت: اعتقادی تصور اور تمدنی نقطہ نظر کے درمیان

برائت اسلام کے اعتقادی ڈھانچے میں مرکزی تصورات میں سے ہے کیونکہ اس کا تعلق توحید کے اعلان اور شرک، ظلم اور سرکشی سے دوری سے ہے۔ یہ تصور قرآن کی متعدد آیات میں بیان ہوا ہے جو ایمان کی راہ اور گمراہی کی راہ کے درمیان اعتقادی تمیز کی ضرورت پر زور دیتی ہیں، جیسا کہ اللہ کا یہ فرمان:

«اَعْلَانٌ مِّنَ اللہِ وَ رَسُوْلِہٖٓ اِلَی النَّاسِ یَوْمَ الْحَجِّ الْاَکْبَرِ اَنَّ اللہَ بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَ رَسُوْلُہٗ»

اور حضرت ابراہیم (ع) کا یہ قول:

«اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْکُمْ وَ مِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللہِ»

یہ ظاہر کرتا ہے کہ برائت دراصل ایک اعتقادی موقف ہے جس کا مقصد ایمانی شناخت کا تحفظ اور شرک اور فکری و عملی انحراف کے مقابلے میں توحید کے اصول کو مستحکم کرنا ہے۔

